دوسرا سمسٹر II Semester	ڈی۔ایل۔ایڈ (ریگولر) D.El.Ed Regular	مئی 2019

پرچہ : ریاضی کی تدریس

Paper - DLED214CCT : Pedagogy of Mathematics

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks — Time : وقت : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i $\frac{2}{3}, \frac{1}{2}, \frac{4}{5}, \frac{6}{7}$ کو صعودی ترتیب (Ascending Order) میں لکھیے۔

(ii Father of Geometry کسے کہتے ہیں؟

(iii جمع کیجیے۔

(306.604 + 54.065 + 4.29)

(iv $\frac{3}{4} - \left\{ \frac{1}{2} + \frac{1}{3} \right\}$ کو مختصر کیجیے۔

(v 0.027, 0.003, 0.542, 0.03, 0.13 میں سب سے چھوٹے عدد بتائیے۔

(vi ایک ملین میں کتنے لاکھ پائے جاتے ہیں۔

(vii 24, 36, 48 کا L.C.M. معلوم کیجیے۔

(viii 7582 میں ہر ہندسہ کی مقامی قیمت لکھیے۔

(ix NCTM سے کیا مراد ہے؟

(x 5, 15, 9, 0, 7, 5, 6 کا اوسط (Mean) معلوم کیجیے۔

حصہ دوم

2. ریاضی میں Reasoning اور Communication کے درمیان فرق کیا ہے؟

3. ابتدائی اسکولی سطح پر ریاضی کے معلم کا کیا رول ہے؟

4. طلبا میں ترسیلی مہارت (Communication Skills) پیدا کرنے کے لیے کیا اقدامات کیے جاتے ہیں؟

5. تدریس (Teaching) کے دوران درسی کتاب کیوں ضروری ہے؟

6. تشکیلی جانچ (Formative Assessment) سے کیا مراد ہے؟

7. کسور اور اعشاریہ کسور کے درمیان فرق کیا ہے؟ ایک مثال دیجیے۔

8. 3D اور 2D اشکال سے کیا مراد ہے؟

9. ابتدائی اسکولی سطح پر ریاضی کی کیا اہمیت ہے؟ وضاحت کیجیے۔

حصہ سوم

10. طلبہ کو ریاضی سے لطف اندوز کرنے کے لیے آپ کیا اقدامات کریں گے؟

11. استدلالی مہارت Reasoning Skills کو ابتدائی جماعتوں میں کس طرح فروغ دیں گے؟

12. Academic Standards سے کیا مراد ہے؟

13. جانچ (Evaluation) سے کیا مراد ہے؟ مسلسل جامع جانچ کی اہمیت بیان کیجیے۔

14. یونٹ ٹسٹ کی اہمیت اور افادیت پر نوٹ لکھیے۔

☆☆☆